**13.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.........................................................................................

1۔ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں تقریباً 66 فیصد سے زیادہ ووٹنگ درج کی گئی۔ دس ریاستوں کے 31 اسمبلی حلقوں اور کیرالا میں وائناڑ پارلیمانی سیٹ کے ضمنی انتخابات کیلئے بھی ووٹ ڈالے گئے۔

2۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانے کو مستحکم کرنے کیلئے جامع موقف کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

3۔ ہماچل پردیش ہائی کورٹ نے چھ چیف پارلیمانی سکریٹریوں کی تقرریوں کو منسوخ کر دیا ہے اور اس قانون کو بھی کالعدم قرار دیا ہے جس کے تحت یہ تقرریاں کی گئی تھیں۔

4۔ بھارت کے بین الاقوامی تجارتی میلے کا 43 واں ایڈیشن کل نئی دلی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوگا۔

6۔ برطانوی مصنفہ Samantha Harvey نے اپنے ناول Orbital کیلئے 2024 بوکر انعام حاصل کیا۔

7۔ اور کرکٹ میں سنچورین میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا جارہا ہے۔

.........................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Jharkhad Polling*

جھارکھنڈ میں، اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے پولنگ پُر امن طور پر مکمل ہو گئی۔ آخری خبریں ملنے تک تقریباً 66 فیصد ووٹروں نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔ سب سے زیادہ، 77 فیصد سے زیادہ ووٹنگ Kharsawan میں ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس مرحلے میں 15 اضلاع کے 43 حلقوں میں ووٹنگ ہوئی ہے۔ پولنگ

5 بجے ختم ہو گئی، جبکہ 31 حلقوں کے 950 حساس بوتھوں پر ووٹنگ 4 بجے ہی مکمل ہو گئی تھی۔ آج کی پولنگ کے بعد 683 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ EVM میں بند ہو گیا۔ آج کے انتخاب میں جن اہم امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا، اِن میں Saraikela سے BJP امیدوار سابق وزیر اعلیٰ چمپئی سورین، رانچی اسمبلی حلقے سے راجیہ سبھا ایم پی اور JMM امیدوار Mahua Maji، لوہردگا سے کانگریس امیدوار رامیشور Orao، جمشید پور ویسٹ سے جنتا دل یونائیٹڈ کے امیدوار سَریو رائے اور ایچا گڑھ سے AJSU امیدوار ہرے لال مہتو شامل ہیں۔

آج شام رانچی میں میڈیا بریفنگ کے دوران جھارکھنڈ کے چیف انتخابی افسر کے-روی کمار نے کہا کہ شہری علاقوں میں ووٹنگ کی شرح امید سے کم رہی۔ انہوں نے کہا کہ اس بات پر تبادلۂ خیال کی ضرورت ہے کہ دیہی علاقوں کے مقابلے شہری علاقوں میں ووٹنگ کی شرح کیوں کم رہی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پہلے مرحلے کی پولنگ میں خاص طور پر بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں قبائلی آبادی کی بڑی تعداد میں ووٹنگ شرکت اہم بات رہی۔ گڑھوا ضلعے کے Budha Pahad علاقے میں، جو پہلے انتہا پسندوں کا مضبوط گڑھ مانا جاتا تھا، لوگوں کی لمبی قطاریں دیکھی گئیں۔×

## By Polls

10 ریاستوں کے 31 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کے وائناڈ پارلیمانی حلقے کے ضمنی انتخابات کے لیے بھی آج ووٹنگ ہوئی۔ اِن میں راجستھان کے 7 اسمبلی حلقے، مغربی بنگال کے 6، آسام کے 5، بہار کے 4، کرناٹک کے 3 اور مدھیہ پردیش کے 2 اسمبلی حلقے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کیرالہ، چھتیس گڑھ، گجرات اور میگھالیہ کے ایک-ایک اسمبلی حلقے میں بھی ضمنی انتخابات ہوئے۔×

## Ovell Champaigning Jharkhand and Maha

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے جبکہ مہاراشٹر میں واحد مرحلے کی پولنگ کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے چوٹی کے رہنما اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے جھارکھنڈ کے دیوگھر ضلعے اور Gooda ضلعے میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی اور NDA جھارکھنڈ کی تشکیل اور فروغ میں پیش پیش رہی ہیں اور اسے بھارت کی سرکردہ ریاستوں میں سے ایک بنانے کیلئے عہد بستہ ہیں۔

انہوں نے سنتھال خطے میں قبائیلی آبادی میں کمی اور دراندازی کے معاملات سے نمٹنے کا بھی عہد کیا۔

Baghmara میں ایک انتخابی ریلی میں جے ایم ایم کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے یہ کہتے

ہوئے جھارکھنڈ کو نظر انداز کرنے کا مرکزی حکومت پر یہ الزام عائد کیا کہ وہ قبائلی برادریوں اور غریبوں کی ضرورتوں سے نمٹنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے پھر سے اقتدار میں آنے پر ان معاملات سے نمٹنے کے اپنے عہد پر زور دیا۔

اس دوران RJD، AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنماؤں نے بھی ریاست بھر میں انتخابی مہم کے پروگرام منعقد کئے۔ جھارکھنڈ میں اس مہینے کی 20 تاریخ کو 38 سیٹوں کیلئے دوسرے مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔

مہاراشٹر کے سبھی 288 حلقوں میں بھی اسی دن ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مہاراشٹر کے Dhule ضلع میں Dondaicha کے مقام پر ایک عوامی سے جلسے سے خطاب کیا۔

اُنہوں نے پھر سے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ وہ SC، ST اور OBC برادریوں کیلیے ریزرویشن کوٹے کا تحفظ کریں گے۔ اس بات کا عہد کیا کوٹے میں کوئی تخفیف نہیں کی جائے گی۔ جناب شاہ نے Jintur میں ایک ریلی سے بھی خطاب کیا۔

اس دوران کانگریس صدر ملیکا ارجن کھڑکے نے سویابین کیلئے کم ازکم قیمت MSP میں اضافہ نہ کئے جانے کیلئے این ڈی اے حکومت کی نکتہ چینی کی۔

شیوسینا (UBT) ادھو ٹھاکرے نے بھی Sawantwadi میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

NCPرہنما شرد پوار نے پونے میں مختلف حلقوں میں ریلیاں منعقد کیں۔

اترپردیش میں 9، پنجاب میں چار، مہاراشٹر کے ناندیڑ پارلیمانی حلقے کے ساتھ ساتھ کیرالا اور اتراکھنڈ میں ایک ایک حلقے سمیت 15 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کیلئے بھی چناؤ مہم اپنے شباب پر ہے۔ضمنی انتخابات کیلئے ووٹنگ 20 نومبر کو جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔X

## PM Jan Aushadhi

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے ایک جامع طریقہ کار کے ساتھ کام کررہی ہے۔ جناب مودی ملک بھر کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں کو 18 پردھان منتری جن Aushadhi کیندروں کو وقف کئے جانے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔ جناب مودی نے 12 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کے ساتھ ساتھ، بہار میں دربھنگہ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ اِن کیندریوں کا افتتاح کیا۔

یہ کیندرسستی قیمتوں پر مسافروں کیلئے ریلوے اسٹیشنوں پر معیاری دواؤں کی دستیابی کو یقینی بنائیں گے۔

وزیرعظم نے کہا کہ آئندہ پانچ برسوں میں 75 ہزار نئ میڈیکل سیٹیوں کا اضافہ کیا جائے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ اقتصادی طور پر پسماندہ طبقوں کیلئے ایک لاکھ 50 ہزار سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندر کھولے گئے ہیں۔X

## MEA Brifing - PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی ہفتے کو نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ آج شام نئ دلّی میں میڈیا کو معلومات فراہم کرتے ہوئے خارجہ سیکریٹری وِکرم مِسری نے کہا کہ جناب مودی 19 ویں G20 سربراہ میٹنگ میں شرکت کے لیے 18 اور 19 نومبر کو برازیل کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وزیر اعظم کا برازیل کا تیسرا سرکاری دورہ ہوگا۔ جناب مِسری نے کہا کہ وزیر اعظم نے 2014 میں اور پھر برِکس سربراہ میٹنگ کے لیے 2019 میں برازیل کا دورہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ G20 سربراہ میٹنگ ایک اہم سربراہ میٹنگ ہوگی، کیونکہ افریقی یونین پہلی بار G20 ممبر کے طور پر میٹنگ میں شریک ہوگی۔

میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نئ دلّی کے G20 لیڈروں کے اعلانیہ اور عالمِ جنوب کی آواز کی سربراہ میٹنگوں کے نتائج پر مبنی عالمی اہمیت کے مختلف معاملات پر بھارت کے موقف کو سامنے رکھیں گے۔ بھارت نے پچھلے 2 سالوں میں اِن دونوں سربراہ میٹنگوں کی میزبانی کی تھی۔

G20 سربراہ میٹنگ کے موقع پر امید ہے کہ وزیر اعظم کئ رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ دورے کے دوران وزیر اعظم بھارت اور نائیجیریا کے درمیان کلیدی شراکت داری کے جائزہ لیں گے اور باہمی تعلقات کو مزید توسیع دینے کے نئے شعبوں پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

مشرقی امور کے سیکریٹری جے دیپ مزومدار نے کہا ہے کہ وزیر اعظم، گیانا کے صدر محمد عرفان علی کی دعوت پر 19 سے 21 نومبر کو گیانا کا دورہ کریں گے۔

جناب مزومدار نے کہا کہ وزیر اعظم CARICOM-بھارت دوسری سربراہ میٹنگ میں بھی شرکت کریں گے اور CARICOM ممبر ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ میٹنگیں کریں گے۔×

## Himachal CPS

ہماچل پردیش ہائی کورٹ نے آج چھ چیف پارلیمانی سیکریٹریوں (CPSs) کی تقرریوں کو منسوخ کر دیا ہے۔

جس قانون کے تحت تقرریاں کی گئی تھی اُسے بھی بے اثر قرار دیا ہے۔

جسٹس وویک ٹھاکر اور بی سی نیگی پر مشتمل ہائی کورٹ کی ایک ڈویژن بینچ نے یہ بھی ہدایت دی ہے کہ اِن

(CPSs) کو فراہم کی گئی سبھی سہولیات اور مراعات کو فوری طور پر واپس لے لیا جائے۔ کورٹ نے ہماچل پردیش پارلیمانی سکریٹریوں کی (تقرریوں، تنخواہوں، بھتوں اختیارات مراعات اور ترمیمات کے ایکٹ 2006 کو بھی بے اثر قرار دیا ہے۔

ہماچل حکومت نے جنوری 2023 میں چھ (CPSs) کی تقرریاں کی تھیں۔

اس دوران ایڈوکیٹ جنرل انوپ رتنا نے کہا ہے کہ حکومت عدالت عالیہ میں فیصلے کو چیلنج کرے گی۔

### *IITF Curtain Raiser*

بھارت کے عالمی تجارتی میلے IITF کے 43 ویں ایڈیشن کا کل سے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آغاز ہوگا۔ اس سال اس میلے کا موضوع ہے ''2047 میں وِکسِت بھارت''۔ اس سال توجہ کا مرکز ریاست جھارکھنڈ ہے، جبکہ بہار اور اُترپردیش ساجھیدار ریاستیں ہیں۔

### *Booker Prize*

برطانوی مصنفہ Samantha Harvey کو اُن کے ناول Orbital کے لیے 2024 کا بوکر انعام ملا ہے۔ یہ پہلی کتاب ہے، جس کا موضوع خلا ہے۔ یہ ناول دنیا کو ایک الگ نظریے سے دیکھتا ہے اور یہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر خلا نوردوں کی ایک ٹیم پر مبنی ہے۔ یہ کتاب برطانیہ میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتاب ہے۔ محترمہ ہاروے 2019 کے بعد سے یہ ایوارڈ جیتنے والی پہلی خاتون ہیں۔ اُنہیں انعام میں 50 ہزار پاؤنڈز ملیں گے۔ انہوں نے یہ انعام اُن لوگوں کے نام وقف کیا ہے، جو زمین کی بات اور امن کے لیے کام کرتے ہیں۔ کل شام لندن کے Old Billingsgate میں ایک تقریب کے دوران اس کا اعلان کیا گیا ہے۔×

### *Cricket IND-SA*

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان 4 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کی سریز کا تیسرا میچ سپر اسپورٹس پارک سنچورین میں کھیلا جا رہا ہے۔ آج جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 10

اوورس میں 3 وکٹ پر 110 رن بنا لیے تھے۔

دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ نے تین وکٹ سے جیت حاصل کر کے یہ سیریز ایک ایک سے برابر کر لی تھی، جبکہ بھارت نے پہلا میچ 61 رن سے جیتا تھا۔×

### Bedminton

بیڈمنٹن میں اولمپک میں دو بار تمغے جیتنے والی پی وی سندھو آج Kumamoto Masters Japan 2024 ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز پری کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔ اُنہوں نے آج محض 38 منٹ میں تھائی لینڈ کی Busanan Ongbam rungphan کو صرف اکیس۔بارہ، اکیس۔ آٹھ سے شکست دی۔

البتہ بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Lakshya سین کو مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں ملیشیا کے Leong Jun Hao سے بائیس۔بیس، سترہ۔ اکیس، سولہ۔اکیس شکست کا سامنا کرنا پڑا۔X

### Jaishankar Saudi

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود سے باہمی میٹنگ کی ہے۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع، سکیورٹی، ثقافت اور قونصلر معاملات سمیت کئی شعبوں میں بھارت اور سعودی عرب کے درمیان کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفادات کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر بھی بات چیت کی۔ دونوں وزیروں نے بھارت-سعودی عرب کلیدی شراکت داری کونسل کی سیاسی، سکیورٹی، سماجی اور ثقافتی کمیٹی کی دوسری بین وزارتی میٹنگ کی بھی مشترکہ صدارت کی۔

میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے ستمبر 2023 میں ولی عہد اور سعودی عرب کے وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کے بھارت کے سرکاری دورے کے بعد سے باہمی تعلقات میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت اور سعودی عرب دفاع اور سکیورٹی سمیت کئی شعبوں میں مل کر کام

کر رہے ہیں۔

سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود نے کہا کہ بھارت کے ساتھ رشتے آپسی تعاون اور باہمی احترام کے دیرپا بنیاد پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب بین الاقوامی امن، سکیورٹی، اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے مشترکہ معاملات پر ساتھ دینا جاری رکھے گا۔ سعودی وزیر خارجہ بھارت کے دو روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچے ہیں۔×

## Coaching Institute Guideline

صارفین کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی CCPA نے آج رہنما خطوط جاری کیا ہے کہ تمام کوچنگ اداروں کو اپنے طلبا اور کورسز کے بارے میں ضروری اطلاع فراہم کرنی ہوں گی، تاکہ والدین اور امیدواروں کو گمراہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ صارفین کے امور کی سیکریٹری ندھی کھرے نے نئی دلّی میں مختلف کوچنگ اداروں کے ذریعے استعمال کیے جانے والے گمراہ کُن اشتہارات کے خلاف رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔

## J&K Gun fight

جموں وکشمیر میں آج سہ پہر جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلعے میں Sudhsuna Behibagh علاقے میں دہشت گردوں اور سکیورٹی فورسز کے درمیان ایک جھڑپ ہوئی ایک سینئر پولیس اہلکار نے آکاشوانی کو بتایا کہ سکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ ٹیم نے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں مخصوص اطلاعات ملنے کے بعد محاصرہ کر کے تلاشی کی کارروائی شروع کر دی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ جیسے ہی وہ مشتبہ مقام پر پہنچے چھپے ہوئے دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ سکیورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی۔ اب تک فریقین کی طرف سے کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ آخری خبریں ملنے تک کارروائی جاری تھی۔×

## Mines IEA

کانکنی کی وزارت نے اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون کے تعلق سے آج بین الاقوامی توانائی ایجنسی (IEA) کے ساتھ مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے۔ اِس تعاون سے بھارت کو اہم معدنیات کے شعبے میں قابل بھروسہ ڈیٹا، تجزیے اور پالیسی سفارشات فراہم ہوں گی، ملک کی فیصلے کی صلاحیت لینے میں اضافہ ہوگااور اہمیت کے حامل وسائل کے بندوبست کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

یہ ملک کو اہم معدنیات کے شعبے میں پالیسیوں، ضابطوں اور سرمایہ کاری کے طریقہ کار کو سمت دینے کے اہل بنائے گا۔ مرکزی کابینہ نے پچھلے مہینے کی تین تاریخ کو IEA اور کانکنی کی وزارت کے درمیان مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کئے جانے کی تجویز کو منظوری دی تھی۔ X

## Delhi Pollution

دلی این سی آر میں ہوا کی کوالیٹی نہایت خراب زمرے میں پہنچ گئی ہے آج شام 7 بجے دلی کا ہوا کے معیار سے متعلق اشاریہ (AQI) 439 درج کیا گیا۔ بھارت کے محکمہ موسمیات (IMD) نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں دھویں اور دھند کی ہلکی پرت چھائے رہنے کے امکان کی پیشگوئی کی ہے۔

آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ (CPCB)کے اعداد و شمار کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں (AQI) نہایت ہی خراب کی سطح پر برقرار ہے۔

آنند وہار میں (AQI) 467، روہنی میں 458، اشوک وہار میں 472، آر کے پورم 460، ووِیک وہار میں 470 اور پنجابی باغ میں 459 ریکارڈ کیا گیا۔

شہر میں آج صبح کے وقت میں بھی دھویں اور دھند کی ایک پرت دیکھی گئی۔ X